علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیۂ عربی و علوم اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: مطالعہ متن حدیث صحیح مسلم (3955) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (درس نظامی)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔

3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5) مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7) غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 **امتحانی مشق نمبر 1** کامیابی کے نمبر:50

(یونٹ:1-4)

سوال نمبر1- یونٹ نمبر ایک میں مذکور احادیث کا تجزیاتی مطالعہ کرتے ہوئے حالتِ احرام کے اہم احکام، ممنوعات، پابندیوں اور ان سے متعلق شرعی ہدایات کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر2- احادیث کی روشنی میں حجِ تمتع کے اہم احکام اور طریقۂ ادائیگی کو باہم مربوط کرتے ہوئے ایک حاجی کے لیے حجِ تمتع ادا کرنے کا جامع عملی طریقۂ کار مرتب کریں، جس میں احرام، نیت، طواف، سعی، قیام، قربانی اور حلق یا قصر کے مراحل کو مناسب ترتیب سے واضح کیا گیا ہو۔ (20)

سوال نمبر3- یوم النحر کے اعمال سے متعلق احادیث کا تجزیاتی مطالعہ کرتے ہوئے ان اعمال کی ترتیب، اہمیت اور باہمی تعلق واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر4- مدینہ منورہ اور اہلِ مدینہ کے فضائل سے متعلق احادیث کو باہم مربوط کرتے ہوئے مدینہ منورہ کی دینی، روحانی اور تاریخی اہمیت پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5- حج و عمرہ سے متعلق احادیث و احکام کی روشنی میں ایک حاجی کے لیے جامع عملی رہنمائی مرتب کریں، جس میں یوم عرفہ کی فضیلت سے استفادہ، دورانِ حج مسنون دعاؤں کا اہتمام، عذر کی صورت میں حجِ بدل کی شرعی صورت اور مسجدِ قباء کی زیارت کے آداب و فضائل کو باہم مربوط کرتے ہوئے ہر معاملے کے لیے مناسب شرعی طریقۂ کار واضح کیا گیا ہو۔ (20)

کل نمبر:100 **امتحانی مشق نمبر 2** کامیابی کے نمبر:50

(یونٹ:5-9)

سوال نمبر1۔ روز مرہ زندگی میں مختلف اوقات میں پڑھے جانے والے اذکار اور مسنون دعاؤں کا تجزیاتی مطالعہ کرتے ہوئے ان کے مواقع، مفاہیم، مقاصد اور روحانی و اخلاقی فوائد کو واضح کریں اور مناسب مثالیں پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ یونٹ نمبر چھ میں مذکور احادیث کا تجزیاتی مطالعہ کرتے ہوئے ان سے مستنبط ہونے والے اہم احکام، اصول اور عملی ہدایات کو واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ ابن صیاد کے واقعے اور قیامت سے قبل رونما ہونے والے فتنوں سے متعلق یونٹ نمبر سات کی احادیث کا جائزہ لیتے ہوئے ان روایات کے مرکزی مضامین، فتنوں کی نوعیت اور ان سے متعلق شرعی رہنمائی کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ دجال سے متعلق یونٹ نمبر آٹھ میں مذکور مختلف روایات کو باہم مربوط کرتے ہوئے دجال کی علامات، اس کے فتنے کی نوعیت، اس کے اثرات اور اس سے حفاظت کے طریقوں پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ احادیثِ نبویہ کی روشنی میں دنیاوی زندگی اور آخرت کی تیاری کے درمیان متوازن طرزِ زندگی اختیار کرنے کے لیے ایک جامع عملی لائحۂ عمل مرتب کریں۔ (20)